OUL-001

Certificate in Urdu Language

(CUL)

ASSIGNMENT

(July 2023 – January 2024)

حروف شناسی اور تلفظ

(Huroof Shanasi Aur Talaffuz)

(OUL-001)

School of Humanities
Indira Gandhi National Open University
Maidan Garhi, New Delhi-110068

اسائن منٹ

اردو سرٹیفکیٹ پروگرام

(Certificate in Urdu Language)

یہ امید کی جاتی ہے کہ آپ نے اپنے کورس کو دل لگا کر پڑھا اور سمجھا ہو گا، جس کی جانچ پرکھ کے لیے آپ کے کورس میں ایک اسائن منٹ رکھا گیا ہے۔ یہ اسائن منٹ آپ کے پروگرام کی از خود مسلسل جانچ پرکھ کا ایک نہایت موثر ذریعہ ہے۔ اس لیے ہر کورس کا ایک اسائن مینٹ اپنے مقررہ وقت میں جمع کرنا ضروری ہے تاکہ آپ امتحان میں بیٹھنے کے لائق ہو سکیں۔ اسائن منٹ جمع کیے بغیر آپ امتحان میں نہیں بیٹھ سکتے ہیں۔ یہ ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ (TMA) ہے جو پورے کورس کا احاطہ کرتا ہے اور سو (100) نمبروں پر مشتمل ہے۔

مقصد:

اس اسائن منٹ سے یہ پتہ لگانا ہے کہ فراہم کیے گئے مواد سے آپ نے کس قدر فائدہ اٹھایا ہے۔ در اصل یہ اسائن منٹ آپ کی صلاحیت میں نکھار پیدا کرنے اور معلومات میں اضافے کا باعث ہو گا۔ دوران مطالعہ اگر آپ کو اپنے کورس کی اکائیوں کے متعلق مزید تفہیم و توضیح درکار ہو تو اس کے لیے اپنے اسٹڈی سنٹر کے کاؤنسلر سے معاونت لے سکتے ہیں۔

مشورہ:

سوالوں کو غور سے پڑھیے اور ان نکات کو سمجھیے جن پر سوالات کی بنیاد ہے۔ ضروری باتیں نوٹ کر لیجیے اور انہیں ربط کے ساتھ پیش کیجیے۔ سوالوں کے جواب کتابوں سے نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں لکھنے کی کوشش کیجیے۔ اکائیوں کی عبارت کو ہو بہو نقل کرنے سے گریز کیجیے۔ سوالوں کے جوابات محتاط ہو کر تجزیاتی انداز میں تحریر کیجیے۔ مضمون نما سوالات کو شروع میں تمہید اور آخر میں اخذ شدہ نتائج کے ساتھ لکھیے۔ تمہید میں بتائیے کہ آپ نے سوال کو کس طرح سمجھا ہے اور جواب کس طرح پیش کرنے جا رہے ہیں۔ آخر میں سوال کے جواب کو سمیٹ کر نتیجہ اخذ کیجیے اور جواب دینے کے لیے دوسری کتابوں سے بھی استفاد کر کے حوالہ درج کر سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کا مطالعہ وسیع تر ہو گا اور موضوع پر آپ کی گرفت مظبوط ہو گی۔

آپ کو اپنے جوابات کے سلسلے میں معلوم ہونا چاہیے کہ وہ:

- منطقی نوعیت کے ہوں۔
- جملے اور پیراگراف کے درمیان ربط ہو۔
- خیال اور طرز تحریر میں مطابقت ہو۔
- سوالوں کے مطابق ہی جامع جواب تحریر کیجیے۔

ہدایت:

یہ یاد رہے کہ سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اسائن منٹ کی ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیے تاکہ گم ہونے کی صورت میں حوالے کے لیے آپ کے پاس اپنا اسائن منٹ موجود رہے۔ ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

اپنا اسائن منٹ لکھنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے:

1۔ پروگرام گائڈ میں اسائن منٹ سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کیجیے۔

2۔ اپنا نام، رول نمبر اور تاریخ کاپی کے پہلے حصہ کی بائیں جانب لکھیے۔

3۔ کاپی کے بیچ میں کورس کا نام، اسائن منٹ نمبر اور اپنے اسٹڈی سنٹر کا نام لکھیے۔

4۔ آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اگر اسائن منٹ جمع نہیں کیا تو سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ملے گی۔

5۔ اپنے اسائن منٹ کے لیے فل اسکیپ سائز کا کاغذ کا استعمال کیجیے۔

6۔ جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔

7۔ اسائن منٹ اپنی تحریر میں ہونا چاہیے۔

8۔ اسائن منٹ آپ اپنے اسٹڈی سنٹر پر جمع کیجیے۔

آپ اپنے اسائن منٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ درج ذیل نمونے کے مطابق بنائیے:

کورس کا عنوان (اردو)_____/_____ Course Title_____

اسائن منٹ نمبر_____رول نمبر_____

نام (اردو)_____/_____ Name in English_____

اسٹڈی سنٹر کا نام_____

Note:

Last date for submission of Assignment

For December Examination: 31st October

For June Examination: 30th April

Good Luck!

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

Course Code:	OUL-001
Course Title:	حروف شناسی اور تلفظ
Assignment Code:	OUL-001/TMA/2023-2024
Coverage:	All Blocks
Marks:	100

ہدایت:- سبھی حصوں کے تمام سوالوں کے جواب لکھنے ضروری ہیں۔ سوالوں کے نمبر سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

سوال 1۔ اردو حروف تہجی کو ترتیب وار لکھیے۔ (10)

(or/یا)

نیچے دیے گئے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔:

I. "چ" سے شروع ہونے والے دو لفظ لکھیے۔

II. "ر" سے شروع ہونے والے دو لفظ لکھیے۔

III. "م" سے شروع ہونے والے دو لفظ لکھیے۔

IV. "ن" سے شروع ہونے والے دو لفظ لکھیے۔

V. "ش" سے شروع ہونے والے دو لفظ لکھیے۔

سوال 2۔ "ج" گروپ (समूह) کے حروف لکھیے اور ہر حرف سے ایک ایک لفظ بنائیے۔ (10)

(or/یا)

نیچے دیے گئے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے:

I. دو حرفی دو لفظ لکھیے۔

II. تین حرفی دو لفظ لکھیے۔

III. چار حرفی دو لفظ لکھیے۔

IV. پانچ حرفی دو لفظ لکھیے۔

V. سات حرفی دو لفظ لکھیے۔

سوال3۔ نیچے دیے گئے حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیے۔ (10)

1. خ+ ر +ا+ب +ی=

2. آ+ ب +د+ا+ر =

3. چ+ا+چ+ا =

4. م+ ا+ ج+ د+ا =

5. ش+ ر+ م+ن+ا+ ک =

(or/یا)

نیچے دیے گئے لفظ کو حروف میں توڑیے۔

1. مصروف

2. ناّض

3. غلاظت

4. تشریف

5. جھوٹ

(حصہ ب)

سوال4۔ نیچے دیے گئے مخصوص نشان(विशेष चिन्ह) کے بارے میں لکھیے۔ (15)

(ؐصلی اللہ علیہ وسلم) (ؓرضی اللہ عنہ) (ؒرحمۃ اللہ علیہ)

(ؑعلیہ السلام) (کرم اللہ وجہ)

(or/یا)

نیچے دیے گئے اردو حروف (अक्षरों) کی قیمت (मूल्य) بتائے۔

ق:	ث:	ن:	م:	ع:
ب:	ص:	س:	ژ:	ٹ:
ل:	ی:	ض:	غ:	ک:

سوال5۔ نیچے دیے گئے الفاظ کے معنی لکھ کر جملے میں استعمال کیجیے۔ (15)

رازدار، لازمی، خیرات، بے باک، تلخ کلامی

(or/یا)

نزاکت، کائنات، تسلیم، لذیذ، احترام

(حصہ ج)

سوال6۔ نیچے دیے گئے اقتباس کو دیوناگری میں لکھیے۔(20)

"آپا جا حال چال لا۔ لالا تو لوٹ آ۔ راجا بازار جاؤ اور آم لاؤ۔ میری پیلی ٹوپی دے دو۔ چور آئے تو تالے ٹوٹے۔ میرا رومال تارا لے آئی۔ ماما آگ تاپ لو۔ تارا کبوتر اڑا دو۔ پانی ابال کر پی لو۔ باجی کو تمام رات روتے گزری۔ تم بالا کو امریکہ کب لے جاؤ گے۔ اختر تم دارا کی تلخ کلامی کی بات مت کرو۔ فرزانہ آج بازار نہ جائے تو بہتر ہے۔ ہما ایک چڑیا کا نام ہے۔ آج پندرہ اگست ہے۔ آپ آئے تو بہار آئی۔ تمام رات میری گردن درد کرتی رہی۔ تم نے سونا حرام کر دیا ہے۔ کار خریدنے کے لیے ڈالر چاہیے۔ نہار منھ دوا مت پینا۔"

(or/یا)

"تین چار دن کے لیے راجا کو ناگپور لے جاؤ۔ نیکی اور بدی میں فرق کرو۔ کیا تم سگریٹ پینا پسند کرتے ہو۔ رقابت بری چیز ہے۔ کاش تمہاری قسمت بھی جاگی ہوتی۔ آنگن میں مور ناچ رہا ہے۔ سڑک پر اپنے بائیں چلو۔ آپ کے ہونٹ گلاب جیسے ہیں۔ آسمان پر پورا چاند نکل آیا۔ کیا میں خرید و فروخت کے لیے بازار جاؤں۔ اس گرمی میں سانس لینا دشوار ہے۔ پھول تھالی میں رکھ دو۔ مجھے

گھوڑے کی سواری بہت پسند ہے۔ تم نے میری گھڑی کھو دی۔ کھانے کا وقت ہو گیا ہے۔ تم خوابوں کی دنیا میں رہتے ہو۔ کیا میں اندر آسکتا ہوں۔ سچ بولنے اور مطالعہ کرنے کی عادت ڈالو۔ کیا تم اس کا سراغ لگا سکو گے۔ حرص انسان کو تباہی کی طرف لے جاتی ہے۔"

سوال 7۔ نیچے دیے گئے اقتباس کو اردو لپی میں لکھیے۔ (20)

"पापा मामा ताला लाता। आज मामा चाट लाता। लाला आटा तौलो। चाचा दो माजा लाओ। आज़ाद बाज़ार जाता। लाचार मामा रोज़ रोता। राजदार चाचा आज बाजार जाता। पापा का जूता दारा को दे दो। राजा दो केले फालतू ले आये। बाबा को आज की खुराक दे दो। तुम फरीदाबाद कब जाओगे। जमील को दरवाजे पर रोक दो। अलका इतवार को किताब लाएगी। गुप्ता की पगड़ी गिर पड़ी। अख़्तर तुमको अक्सर ख़ौफ़ज़दा मिलेगा। राजा तुम कुलदीप के दफ्तर चले जाओ। गुनाह का रास्ता दोज़ख़ को जाता है। क्या जनवरी में खूब सर्दी पड़ती है। अगर टीम को जिताना हो तो खूब मेहनत कराओ। हल जोतना है तो ज़मीन को नम होने दो।''

(or/या)

''बाबा लाल आम पाता। आपा जा हाल चाल ला। लाला तू लौट आ। डाल डाल पात पात। दादा ज़ोरदार बारात लाओ। जूली मेरे जूते लौटा दो। दीदी जाओ मेरा रुमाल ले आओ। मौली को बाला की चाबी दे दो। नानी का नौकर बड़ा होशियार है। मेरा देश महान है। मौत से मत डरो। मशरिक़ से सूरज निकलता है। बारिश होने से गर्मी कम हो गई। बम्बई हिन्दूस्तान का एक मशहूर शहर है। उस्ताद के आने से पहले सबक़ याद कर लो। दोस्त और दुश्मन में तमीज़ करो। दुल्हन के पांव में मेंहदी लगी है। तुम अपने आंचल को लहराओ तो बात बने। मिठाई थाली में सजा कर लाओ। तुमने तारा का झुंझना कहॉ खो दिया।''